31/03/2025  07.40 PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ سید مبشر رفاعی سے خبریں سُنئے

پہلے اہم خبروں کی سُرخیوں پر ایک نظر

ہیڈ لائینز

*........وزیر اعظم نریندر مودی19اپریل کو کٹرہ سے کشمیر تک پہلی وندے بھارت ریل گاڑی کو جھنڈی دکھا کر کریں گے روانہ ۔

*........آج پورے ملک کے ساتھ ساتھ جموں کشمیر میں بھی تزک و احتشام کے ساتھ منایا جار ہاہے عید الفطر کا تہوار // نماز عید کے بڑے بڑے اجتماعات منعقد ۔

*........لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا کی حال ہی میں کھٹوعہ تصادم میں جاں بحق ہوئے پولیس اہلکاروں کے اہل خانہ کے ساتھ ملاقات//حکومت کے ہر ممکن مدد کا دلایا یقین ۔

اور

*........مرکزی وزیر داخلہ نے منشیات کے خلاف کارروائی شدو مد سے جاری رکھنے کا دُہرایا عزم// دلی NCRمیں 27کروڑ 40لاکھ روپے مالیت کی نشیلی ادویات ضبط

وندے بھارت

وزیر اعظم نریندر مودی کٹرہ سے کشمیر تک پہلی وندے بھارت ریل گاڑی کو 19اپریل کو جھنڈی دکھا کر روانہ کریں گے اور اس طرح 272کلو میٹر لمبا ادھمپور -سرینگر -بارہمولہ ریل پروجیکٹ بھی مکمل ہوگا۔

جموں میں نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے سائنس اور ٹیکنالوجی کے مرکزی وزیرڈاکٹر جتندر سنگھ نے کہاکہ وزیر اعظم 19اپریل کو ادھمپور پہنچیں گے ۔ وہ دنیا کے سب سے اونچے ریلوے پل کا افتتاح کریں گے اور اسکے بعد کٹرہ سے وندے بھارے ریل گاڑی کو جھنڈی دکھا کر روانہ کریں گے ۔ انہوں نے کہا۔

مبارکباد

آج پورے ملک کے ساتھ ساتھ جموں کشمیر میں بھی عید الفطر کا تہوار نہایت ہی تزک و احتشام اور مذہبی جوش وخروش کے ساتھ منائی جا رہی ہے ۔ یہ تہوار مقدس ماہ رمضان المبارک کے

اختتام پر منایاجاتا ہے ۔ عید الفطر کے سلسلے میں جموں کشمیر میں نماز عید کے بڑے بڑے اجتماعات منعقد ہوئے ۔ ہزاروں کی تعداد میں فرزندان توحید نے عید نماز ادا کی اور بعد میں وہ ایک دوسرے کے ساتھ بغل گیر ہوئے اور ایک دوسرے کو مبارکباد دی ۔

سرینگر میں نماز عید کا سب سے بڑا اجتماع آثار شریف درگاہ حضرتبل مینمنعقد ہوا ۔ جہاں کافی تعداد میں عقیدت مندوں نے عید نماز ادا کی ۔اس موقعے پر عالم انسانیت کی فلاح و بہبود کیلئے خصوصی دعائیں مانگیں گئیں۔

اسی طرح کے اجتماعات دیگر ضلع صدر مقامات میں بھی منعقد ہوئے ۔ جموں کے عید گاہوں اور مساجد میں نماز عید کے بڑے بڑے اجتماعات منعقد ہوئے جن میں کثیر تعداد میں لوگوں نے شرکت کی ۔

صدر جمہوریہ درو پدی مرمو ، نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ اور وزیر اعظم نریندر مودی نے عید کے موقعے پر لوگوں کو مبارکباد دی ہے ۔ اپنے الگ الگ پیغامات میں انہوننے کہا کہ اس طرح کے تہواروں سے آپسی روا داری اور بھائی چارے کے رشتوں کو تقویت حاصل ہوتی ہے ۔ انہوننے امید ظاہر کی کہ یہ مقدس تہوار ہم سب کیلئے امن، ترقی اور خوشحالی کی نوید لیکر آئے۔

ادھر جموں کشمیر کے لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا اور وزیر اعلیٰ اور کئی دیگر اہم شخصیات نے عید الفطر کے موقعے پر لوگوں کو مبارکباد دی ہے۔

این سی

نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ اور نائب صد ر عمر عبداللہ نے آج عید نماز درگاہ حضرتبل میں ادا کی۔ اس موقعے پر انہوننے جموں وکشمیر کی خوشحالی اور امن و ترقی کیلئے دعا کی۔ بعد مینکئی وفود ان کی رہائش گاہ پر ان سے ملاقی ہوئے اور انہیں عید مبارک دی۔

دریں اثنا جمعیت ہمدانیہ کے سربراہ مولوی ریاض احمدہمدانی نے آج پانپور کے عید گاہ میں نماز عید سے پہلے عید الفطر اور رمضان المبارک کی عظمت پرروشنی ڈالی۔

عید پیغام

عید الفطر کے تناظر میں آج ہر سو خوشیوں کا ماحول دیکھنے کو مل رہا ہے ۔ بچے اپنے والدین اور رشتہ داروں سے عیدی وصول کر رہے ہیں۔ لوگ اپنے عزیز و اقارب کے گھر جا کر انہیں عید مبارک دے رہے ہیں۔سیاحتی مقامات خاص طور سے ٹولپ گارڈن ،نشاط باغ ، شالیمار باغ میں آج لوگوں کا کافی رش دیکھنے کو ملا ۔

مختلف مذاہب کے لوگ بھی مسلمانوں کو اس عظیم تہوار پر مبارکباد دیتے ہیں۔ سماج کے کئی طبقوں سے تعلق رکھنے والی کئی شخصیات نے جموں کشمیر کے لوگوں کو عید کی مبارکباد دی ہے۔ کچھ مقامی اور غیر مقامی افراد کے عید پیغامات۔

Eid

عید مولوی

فضیلت اور فیوض و برکات سے پُر ماہ رمضان اپنے اختتام کو پہنچ گیا ہے ۔ تاہم یہ مقدس مہینہ ہمیں ایک ایسا درس اور پیغام دیتاہے جس کی روح سے ہم پورے سال تقویٰ اور پرہیز گاری کے راستے پر گامز ہو سکتے ہیں۔

اس تعلق سے جب ہم نے ایک معروف عالم دین مولانا عبدالقیوم زاڈو کے ساتھ بات کی توانہوننے کہا۔

ایل جی

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے آج جموں سے شری ماتا ویشنو دیوی جی پراچین مارگ پوتر چھڑی یاترا کو جھنڈی دکھا کر وانہ کیا ۔ انہوں نے اس موقعے پر شردھالووں کیلئے نیک خواہشات کا اظہار رکیا ۔ ایل جی نے نگروٹہ میں Kol Kondoli- مندر پر بھی حاضری دی

ایل جی تعزیت

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے آج حال ہی میں کھٹوعہ تصادم میں جان بحق ہوئے پولیس اہلکاروں کے اہلخانہ کے ساتھ ملاقات کی اور ان کی ڈھارس بندھائی ۔ ایل جی نے اس موقعے پر کہا کہ بلویندر سنگھ چب ، جسونت سنگھ ، جگبیر سنگھ اور طارق احمد کی عظیم قربانیوں کو کبھی بھی فراموش نہیں کیا جائے گا۔ایل جی نے کہا کہ قوم ان پولیس اہلکارونکی بہادری کو سلام پیش کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ وہ دکھ کی اس گھڑی میں سوگوار کنبوں کے شانہ بہ شانہ کھڑے ہیں ۔ انہوننے ان کنبوں کو حکومت کے ہر ممکن مدد کا یقین دلایا۔

بریک

یہ خبریں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔

بھی سماعت کر سکتے ہیں۔DTH اور AIR خبریناَپ آکاشوانی کے موبائیل اپلیکشن نیوز آن

امت شاہ

وزیر داخلہ امت شاہ نے کہاکہ منشیات کے خلاف کارروائی شد ومد سے جاری رہے گی۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں انہوں نے کہا کہ منشیات کے خلاف مودی حکومت کی زیرو ٹالرنس پالیسی کے تحت دلی NCR- اور دلی NCB میں ایک بڑے نارکو نیٹ ورک کا پردہ فاش کیا گیاہے پولیس نے پانچ سمگلروں پر مشتمل ایک گینگ کو پکڑ لیا ہے اور ان کے قبضے سے 27کروڑ40لاکھ روپے مالیت کی نشیلی ادویات ضبط کی ہیں۔ وزیر داخلہ نے اس اہم کارروائی کیلئے NCB-اور دلی پولیس کی تعریف کی ہے

منشیات

نشہ مکت بھارت ابھیان کے تحت سماج کو منشیات کی لعنت سے چھٹکارا دلانے کیلئے ملک بھر میں ہر سطح پر کوششیں جاری ہیں۔ وزیر اعظم نریندر مودی کا پیغام۔

(PM)

جموں کشمیر میں بھی نوجوانوں کو اس لت سے دور رکھنے کیلئے کئی اقدامات کئے جا رہے ہیں۔ اس تعلق سے جب ہم نے فروٹ گرورس ایسو سی ایشن کولگام کے صدر غلام محمد بانڈے کے ساتھ بات کی تو انہوں نے کہا۔

--(G.M Banday)--V/O--

ست شرما

جموں کشمیر کے صدر ست شرما اور قانون ساز اسمبلی میں حزب اختلاف کے لیڈر سنیل BJP بھرت SPO دھیرج کٹوچ اورSDPO شرما نے آج گورنمنٹ میڈیکل کالج جموں کا دورہ کرکے وہاں جلہوترا کی عیادت کی ۔ یہ دونوں کھٹوعہ میں حال ہی میں دہشت گردی مخالف آپریشن کے دوران زخمی ہوئے تھے ۔ انہوننے اسپتال انتظامیہ کو ہدایت دی کہ وہ ان پولیس اہلکاروں کو بہتر سے بہتر طبی سہولیات بہم رکھیں۔

چھاتی کینسر

صحت کی مرکزی وزیر مملکت انو پریا پٹیل نے کہا ہے کہ آیو شمان بھارت اسکیم کے تحت اب تک 150ملین خواتین کی چھاتی کے کینسر کی جانچ کی جا چکی ہے۔نئی دلی میں Breast Imaging Sociecty of India کے زیر اہتمام Midterm BISICON-2025 سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہاکہ ملک بھر میں 2سو ڈے کیئر سینٹر قائم کئے جا رہے ہیں۔ وزیرموصوف نے اس بات پر زور دیا کہ ایک صحت مند طرز زندگی ، بیداری ، وقت پر جانچ اور علاج سے چھاتی کے کینسر سے ہونے والی اموات کی شرحوں کو کم کیا جا سکتاہے۔

میانمار

مانسٹری میں بچاؤ U-hla-thein ٹیموں نے میانمار کیNDRF وزارت خارجہ نے کہا ہے کہ پھنسے ہوئے ہیں۔ وزارت نے Monk 70کارروائیاں شروع کیں ہیں جہاں ابھی بھی لگ بھگ 1سو کہاکہ فوج کی ٹیم بھی آج اسپتال کی جگہ پر پہنچ جائے گی اور کل سے وہاں طبی خدمات شروع کرے گی۔

IPL

آئی پی ایل کرکٹ میں آج شام ممبئی کے وانکھیڑے اسٹیڈیم میں ممبئی انڈنیس کا مقابلہ کولکاتہ نائٹ رائیڈرس سے ہوگا۔ یہ میچ شام ساڑھے سات بجے کھیلا جائے گا ۔ ممبئی کو ابھی بھی ٹورنا

منٹ کی پہلی جیت کی تلاش ہے ۔ دوسری جانب کولکاتہ نائٹ رائیڈرس نے ایک میچ جیتا ہے اور ایک میچ میں اسے شکست ہوئی ہے ۔

UPS

مرکزی ملازمین کیلئے یونفائیڈ پینشن اسکیم کل سے لاگو ہوگی ۔ یو پی ایس مرکزی حکومت نے نیشنل پینشن اسکیم کے تحت ایک مد کے طورپر متعارف کی ہے۔ پینشن فنڈ ریگولٹری اینڈ ڈیولپمنٹ اتھارٹی نے حال ہی میں یو پی ایس کو لاگو کرنے سے متعلق رہنما خطوط مشتہر کئے ہیں۔

موسم

محکمہ موسمیات کی پیش گوئی کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے24گھنٹوں کے دوران موسم عام طور پر خشک رہنے کا امکان ہے۔

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 22.9ڈگری سیلسیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 4.5ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 31.4ڈگری سیلسیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت13.2ڈگری سیلسیس تھا۔

سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح6بجکر18منٹ پراور غروب آفتاب شام6بجکر20منٹ پر ہو گا۔

اسکے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلٹن ختم ہوا۔

خبروں کا اگلا بلٹن آکاشوانی سے

کل صبح7بجکر 45 منٹ پر کشمیری میں نشر ہو گا۔

ہمیں دیجئے اجازت//خدا حافظ